فوری ریلیز کے لیے: 2023/17/5 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL کا $150 ملین کے مڈ-بُڈسن مومینٹم فنڈ گرانٹ کے لیے درخواستیں کھولنے کا اعلان

پہل کاری رہائش گاہوں کی رسد میں اضافہ کرے گی اور مڈ-بُڈسن علاقے میں کایا پلٹ منصوبے کھولے گی

درخواست اور رہنماء ہدایات یہاں دستیاب ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج پورے مڈ-بُڈسن علاقے میں مخلوط استعمال کے رہائشی اور بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کے لیے $150 ملین کے مڈ-بُڈسن مومینٹم فنڈ گرانٹ کی درخواستیں کھولنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ پہل کاری علاقوں کو عالمی وباء کی وجہ سے حالیہ، آبادی میں علاقہ گیر اضافے کی روشنی میں بنیادی ڈھانچے کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد دے گی۔ ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی جانب سے لاگو کردہ فنڈ بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے اور خطے میں بنیادی ڈھانچے کے کلیدی منصوبوں میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے رہائش گاہوں کی رسد میں اضافہ کے ایک بڑے عزم کی نمائندگی کرتا ہے۔ اس سے پہلے گورنر Hochul نے فروری 2023 میں مڈ-بُڈسن مومینٹم فنڈ کا اعلان کیا تھا۔

گورنر Hochul نے کہا، "اپنی بھرپور تاریخ، قدرتی خوبصورتی اور ثقافتی خزانوں کے ساتھ، مڈ-بُڈسن کا خطہ طویل عرصے سے ہماری ریاست کے لیے ایک تاج کی حیثیت رکھتا ہے جس نے برسوں سے نئے رہائشیوں اور آنے والوں کا استقبال کیا ہے۔ چونکہ خطے میں آبادی اور سیاحوں کی تعداد میں یکساں طور پر اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے، مڈ-بُڈسن مومینٹم فنڈ علاقوں کو سستی اور مساوی رہائش اور بڑھتے ہوئے مقامی بنیادی ڈھانچے جیسی اہم ضروریات کو پورا کرنے میں مدد دے گا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ یہ خطہ خاندانوں، محنت کشوں، کاروباری اداروں اور سیاحوں کے لیے ایک منزل کے طور پر خدمات انجام دے سکتا ہے"۔

ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "یہ ضروری ہے کہ ہم مڈ-بُڈسن علاقے میں رہائش اور بنیادی ڈھانچے میں بہتری کی بڑھتی ہوئی طلب کو حکمتِ عملی سے حل کریں۔ ہماری مڈ-بُڈسن علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کی باخبر رائے کے ساتھ، یہ پروگرام اس شاندار علاقے میں دلچسپی کے اضافے پر توجہ دینے اور اس کی گنجائش پیدا کرنے میں مدد دے گا اور مستقبل میں خطے کی ترقی کو برقرار رکھنے میں مدد کرے گا"۔

مڈ-بُڈسن علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کی شریک چیئرز ڈاکٹر Marsha Gordon، دی بزنس کونسل آف ویسٹ چیسٹر کی صدر اور سی ای او اور SUNY اورنج کی صدر ڈاکٹر Kristine Young نے کہا، "عالمی وباء کے بعد سے، ہم نے اپنے علاقے میں ہزاروں نئے رہائشیوں کا استقبال کیا ہے جس نے موجودہ مقامی بنیادی ڈھانچے میں رہائش اور تجدید کی طلب کو بڑھا دیا ہے۔ مڈ-بُڈسن مومینٹم فنڈ ان ضروریات کو پورا کرنے میں مدد دے گا اور ہم اس بات کو یقینی بنانے کے منتظر ہیں کہ منظور شدہ منصوبے خطے کے اہداف اور ترجیحات کے مطابق ہوں"۔

مڈ ہڈسن کا علاقہ سیاحوں اور نئے مستقل رہائشیوں، دونوں کے لیے ایک پسندیدہ مقام بن گیا ہے، جہاں صرف گزشتہ دو سالوں میں 33,000 سے زیادہ نئے باشندے اس علاقے میں منتقل ہوئے ہیں۔ گزشتہ سال علاقائی رہائشی گنجائش کی دستیابی ایک فیصد سے بھی کم ہونے کے ساتھ، رہائشیوں کی آمد کی معاونت کرنے کے لیے نئی ترقی کی اشد

ضرورت ہے۔ مڈ-ہڈسن مومینٹم فنڈ مخلوط استعمال والے رہائش گاہوں اور بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کی کفالت کرے گا جو خطے پر دیرپا اثرات مرتب کریں گے اور جو مڈ-ہڈسن علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کے تزویراتی اہداف اور ترجیحات سے مطابقت رکھتے ہیں۔ اس میں وہ منصوبے شامل ہیں جنہیں اہلِ علاقہ کی حمایت حاصل ہے، جس کے نتیجے میں سستی رہائش میں اضافہ ہو گا، غیر ریاستی سرمایہ کاری کا فائدہ اٹھایا جائے گا، مالی طور پر مضبوط ہیں، اور فوری طور پر شروع ہو سکتے ہیں۔

مخصوص منصوبوں کے لیے $150 ملین پانچ سال کی مدت میں دستیاب ہوں گے اور مخلوط استعمال کے رہائشی منصوبوں اور بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کے درمیان یکساں طور پر تقسیم کیے جائیں گے۔ نوازنے کے لیے رقم فی منصوبہ $2.5 ملین سے $10 ملین تک ہو گی اور غیر ریاستی فنڈنگ کے ذرائع سے کم از کم 50 فیصد مطابقت درکار ہو گی۔ فنڈز تعمیر، توسیع، اور سہولیات، آلات اور مشینری کی بحالی، بنیادی ڈھانچے اور مقام کی تیاری، اور تعمیر سے متعلق ڈیزائن اور انجینئرنگ کے لیے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ اہل درخواست دہندگان میں بلامنافع کام کرنے والے ادارے، بلدیات، عوامی مفاد کے کاروباری ادارے بشمول IDAs اور LDCs اور منافع بخش کمپنیاں شامل ہیں۔

درخواستیں 28 جولائی 2023 کو شام 4 بجے تک ESD کو جمع کروانی ہیں جن کا جائزہ مڈ-ہڈسن علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کی جانب سے جلد ہی لیا جائے گا۔ 28 جولائی 2023 کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں کا جائزہ مڈ-ہڈسن علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل سہ ماہی بنیادوں پر لے گی۔ مڈ-ہڈسن مومینٹم فنڈ کے بارے میں مزید یہاں جانیں۔

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں
امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development, ESD) نیو یارک کی معاشی ترقی کی سربراہ ایجنسی ہے (www.esd.ny.gov)۔ ESD کا مشن ایک مضبوط اور بڑھتی ہوئی معیشت کو فروغ دینا، نئی ملازمتوں اور اقتصادی مواقع کی تخلیق کی حوصلہ افزائی کرنا، ریاست اور اس کی میونسپلٹیز کی آمدنی میں اضافہ اور مستحکم اور متنوع مقامی معیشتیں قائم کرنا ہے۔ قرضہ جات، عطیات، ٹیکس کریڈٹس اور دیگر اقسام کی مالی امداد کو بروئے کار لا کر، ESD نجی کاروباری سرمایہ کاری اور ترقی کو بڑھانے کی کوشش کرتی ہے تاکہ ملازمتی تشکیل کی حوصلہ افزائی کر سکے اور ریاست نیو یارک میں ہر جگہ ترقی کرتی کمیونٹیز کی معاونت کر سکے۔ ESD مقامی خطہ جاتی ترقیاتی کاؤنسلز (Regional Economic Development Councils) اور ریاستی آئیکونک سیاحتی برانڈ "I LOVE NY" کی نگرانی کرنے والی بنیادی انتظامی ایجنسی بھی ہے۔ علاقائی کونسلوں اور امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، www.regionalcouncils.ny.gov اور www.esd.ny.gov ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418